SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release

***March 20, 2019***

## ایس ای سی پی کا کاروباری آسانیوں پر سیمینار

اسلام آباد(20 مارچ) ملک میں سرمایہ کاری کے فروغ اور بزنس سیکٹر کو سہولتوں اور آسانیوں کی فراہمی کے لئے سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے حال ہی میں کی گئی اصلاحات سے آگہی دینے کے لئے سیمینار منعقد کئے گئے۔

سیمینارز کے شرکاء کو بتایا گیا کہ کمپنی کی رجسٹریشن کو کم سے کم وقت میں آسان اور کم خرچ میں ممکن بنانے کے لئے ایس ای سی پی نے پنجاب انفرمیشن ٹیکنالوجی بورڈ، سندھ انویسٹمنٹ ڈیپارٹمنٹ اور ایمپلائز اولڈ ایج بینفٹ (ای او آئی بی) کے ساتھ مل کر اصلاحات متعارف کروائی ہیں۔ ایس ای سی پی کی ای سروسز کو فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے سسٹم کے ساتھ بھی منسلک کر دیا گیا ہے جس سے کمپنی کے رجسٹر ہوتے ہی کمپنی کا نیشنل ٹیکس نمبر جاری ہو جاتا ہے۔ان اصلاحات کے بعد کمپنی ایس ای سی پی کی ای سروسز کے ذریعے ایف بی آر، ایمپلائز اولڈ ایج بینفٹ (ای او بی آئی)، پنجاب اور سندھ کے ایمپلائز سوشل سکیورٹی انسٹی ٹیوشن اور لیبر ڈیپارٹمنٹ اور دونوں صوبوں کے ایکسائز ڈیپارٹمنٹس کے ساتھ رجسٹریشن ایک ساتھ حاصل کر سکتے ہیں۔ علاوہ ازیں، رجسٹریشن ہونے کے بعد، کمپنی کی رجسٹریشن کا سرٹیفیکیٹ ای میل کے ذریعے بھیجنے کی سہولت شروع کر دی ہے۔ ان اصلاحات کے بعد ایس ای سی پی کی ای سروسز ، تمام وفاقی اور صوبائی اداروں کے ساتھ رجسٹریشن کے لئے ون ونڈو کی سہولت فراہم کر رہی ہے۔ ایس ایس ی پی کے حکام نے شرکاء کو کمپنیز ایکٹ 2017، کارپوریٹ بحالی کے قانون اور اقلیتی شئیر ہولڈرز کے حقوق کے تحفظ کے موجودہ ریگولیٹری فریم ورک سے بھی آگاہ کیا ۔

کاروباری برادری، کنسلٹنٹ، ماہرین، اکاونٹنٹ اور وکلاء نے بڑی تعداد میں سیمینار میں شرکت کی جبکہ ایف بی آر، سٹیٹ بینک، سندھ اور پنجاب کے انوسٹمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے نمائندے بھی شریک ہوئے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005